ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (47)

21-01-2023

# بہاول پور() پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ،24 ملزمان گرفتار، منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں سے 03 کلو سے زائد چرس،460 لیٹر دیسی شراب و50 لیٹر لہن معہ چالو بھٹی اور 01 ولائیتی شراب،02 پسٹل 30 بور برآمد، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ،ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس تھانہ عباسنگر،مسافر خانہ،صدر احمد پور شرقیہ،ڈیرہ نواب صاحب،نوشہرہ جدید،سٹی یزمان اور دھوڑکوٹ نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا ،جن کے قبضہ سے 460 لیٹر شراب دیسی ولہن 50 لیٹر معہ چالو بھٹی اور 01 ولائیتی بوتل برآمد کر لی۔ پولیس تھانہ کینٹ، اوچشریف،سٹی یزمان اور سٹی حاصلپور نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 3890 گرام چرس برآمد کر لی۔تھانہ سول لائنز پولیس نے پنجاب کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 04 ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ جبکہ خیر پور ٹامیوالی اور بغداد الجدید پولیس نے اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیا۔تھانہ سمہ سٹہ پولیس نے انتہائی تیز رفتاری اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے والے 02 ملزمان کو گرفتار کر لیے۔تھانہ کوتوالی پولیس نے جوا کھیلتے ہوئے 01 ملزم کو گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قانون شکنی کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں،دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، مختلف مقدمات میں 24 ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (48)

21-01-2023

## بہاول پور()پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول کے موٹر کار بیج نمبر 93 کی ٹریننگ مکمل، اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سٹرٹیفکیٹ تقسیم،ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اورناتجربہ کارڈرائیورز کی وجہ سےٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں،مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت اورشہریوں کوٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے،ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق پنجاب کے دیگر اضلاع کی طرح بہاول پور میں بھی شہریوں کو بہترین تربیت دینے کے لیے ڈی آئی جی کیپٹن (ر) سید احمد مبین شہید پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، جہاں پر صبح و شام دو شفٹوں میں اسٹوڈنٹس کو موٹر سائیکل / موٹر کار کے علاوہ LTV کی بہترین تربیت دی جا رہی ہے،اس سلسلہ میں 02 ہفتہ پر مشتمل ٹریننگ 93 ویں بیج کی ٹریننگ مکمل کرنے والے اسٹوڈنٹس کے لیے تقریب کا اہتمام کرتے ہوئے اچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے۔ٹریننگ کے دوران پہلے مرحلے میں سٹوڈنٹس کو پہلے اسکول کے ٹریک، دوسرے مرحلے میں مصروف روڈز پر پیشہ ور انسٹرکٹرز کے ہمراہ ٹریننگ کروائی جاتی ہے تاکہ سٹوڈنٹس میں گاڑی چلاتے وقت اعتماد میں اضافہ ہو اور کورس کے آخر میں سٹوڈنٹس کا تحریری اور عملی ٹیسٹ لیا جاتا ہے۔اسکول کے اسٹاف نے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرنے والوں کو دن اور شام کے اوقات میں مرحلہ وار مکمل ٹریننگ کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی مینٹینس ، پریکٹیکل ٹریننگ جس میں ٹریفک سائن بورڈ، روڈ سیفٹی اور قانون کی پاسداری و اچھے ڈرائیور کی خصوصیات بھی سکھائیں، اچھی اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افراد کو اچیومنٹ سٹرٹیفکیٹ جاری کیے جاتے ہیں۔دوران ٹریننگ نمایاں کارکردگی کے حامل اسٹوڈنٹس کو ڈی ایس پی ٹریفک ملک اقبال اعوان نے انچارج ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول ایوب گجر ایس آئی کے ہمراہ سرٹیفکیٹس تقسیم کیے،ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس ڈرائیونگ اسکول میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کیا جارہا ہے۔آن لائن ٹیسٹ، سفارش اور مڈل مین کے بغیر صرف قومی شناختی کارڈ کے ذریعے پولیس خدمت مراکز پر لرنرز اور لائسنس کے لیے اپلائی/ جاری کیے جاتے ہیں،ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اور ناتجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں،مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت وشہریوں کوٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے،لائسنس ایشو کرنے میں شفافیت اور میرٹ کو ہرصورت مدنظر رکھا جارہا ہے،ٹریفک اسٹاف کو ہدایت کی گئی ہے کہ مزید عوام کوٹریفک قوانین کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کیلئے خصوصی مہم چلائیں اور تربیتی سیمینار بھی منعقد کئے جائیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول کے موٹر کار بیج نمبر 93 کی ٹریننگ مکمل،اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سٹرٹیفکیٹ تقسیم کیے